11 فروری 2019ء

مالی سال 19ء کے پہلے سات ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 12.77 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے سات ماہ میں 12774.02 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس اسی مدت میں 11383.47 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

جنوری 2019ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1743.25 ملین ڈالر رہی جو دسمبر 2018ء کے مقابلے میں 0.3 فیصد کم جبکہ جنوری 2018ء کے مقابلے میں 6.4 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک جنوری 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 403.92 ملین ڈالر، 352.12 ملین ڈالر، 272.32 ملین ڈالر، 295.13 ملین ڈالر، 166.50 ملین ڈالر، اور 42.89 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ جنوری 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 383.91 ملین ڈالر، 351.58 ملین ڈالر، 223.94 ملین ڈالر، 235.10 ملین ڈالر، 186.33 ملین ڈالر اور 56.4 ملین ڈالر تھیں۔ جنوری 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 210.36 ملین ڈالر رہیں جبکہ جنوری 2018ء میں ان ملکوں سے 201.46 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******